بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمدؒ    امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ

# شعبہ نشرواشاعت تنظیم
# اسلامی پاکستان

36۔کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون :042-35869501، ای میل :media@tanzeem.org

28-جنوری2021ء

## پریس ریلیز

## دنیا کے بعض ملکوں میں سود کی شرح صفر کے قریب ہے۔عاطف وحید

لاہور(پ ر) دنیا کے بعض ملکوں میں سود کی شرح صفر کے قریب ہے جن میں UK بھی شامل ہے۔ یہ بات ڈاکٹر اسرار احمدؒ کے خلف الرشید پروفیسر حافظ عاطف وحید نے لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام لاہور ہائی کورٹ کے کراچی شہداء ہال میں سیمینار بعنوان ''انسداد سود کی اہمیت اور عدلیہ کا کردار'' سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے مزید کہا کہ دنیا کے جن ملکوں میں سود کی شرح صفر کے قریب ہے وہ سب ترقی یافتہ ممالک ہیں جبکہ اس کے مقابلے میں پاکستان میں سود کی شرح ڈبل ڈجٹس تک ہے۔انہوں نے سابقہ آسمانی کتب،قران وسنت،معروف مفکرین وفلاسفہ کے افکار کی روشنی میں وضاحت کی کہ سودی نظام انسانیت سوز اور تباہ کن ہے اور اس کا معیشت کے ہر گوشے سے خاتمہ آئینی اور دستوری تقاضا ہے اور اس کے لیے ہر شعبے سے وابستہ افراد خاص طور پر دستوری اور قانونی ماہرین کو اپنا کردار ادا کرنا ضروری ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کے قیام کے فوری بعد قائداعظم کی تقریر **1948**ء، قرار مقاصد **1949**ء، اس کے بعد آئین کی اسلامی دفعات **31**، **38(f)**اور **203**، **227** تا **230** ہمیں یہ حق دیتی ہیں کہ ہم مملکت خداداد پاکستان میں زندگی کے ہر شعبے میں قران وسنت پر عمل پیرا ہوں اور ہر اس قانون کا خاتمہ ہو جو قران وسنت سے متصادم ہو،انہوں نے کہا کہ کیا چیز حرام ہے اور کیا حلال ہے اس حوالے سے حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے واضح طور پر فرما دیا ہے۔انہوں نے خطبہ حجۃ الوداع میں ہی سود کے خاتمے کا اعلان کر دیا تھا۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کا آئین بھی سود کے خاتمے کی بات کرتا ہے اور قرارداد مقاصد میں بھی یہ واضح ہے جبکہ قائداعظم نے سٹیٹ بینک کی عمارت کا افتتاح کرتے ہوئے بھی جو خطاب کیا اس میں اسلامی نظام معیشت کی بات کی تھی اور مغرب کے معاشی نظام کو تباہی کا باعث قرار دیا تھا۔

جاری کردہ

**ایوب بیگ مرزا**

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 28 January 2021**

## "The interest rate in some countries of the world is close to zero": Hafiz Atif Waheed

**Lahore (PR):** "There is close to zero interest rate in some countries of the world, including the UK." This was said by Professor Hafiz Atif Wahid, the son of late Dr Israr Ahmad *(RAA)*, while addressing a seminar entitled "The importance of eradicating Riba and the role of Judiciary" arranged by the Lahore High Court Bar Association in the Karachi Shuhada Hall of the Lahore High Court. Those countries of the world that have close to zero interest rate are all developed countries, whereas the rate of interest in Pakistan reaches up to double digits, in certain cases, he added. While elucidating in the light of previous Divine Revelations, the Qur'an and the Sunnah, and quotes of renowned thinkers and philosophers, he elucidated that the Riba-based System is inhumane and devastating in nature and consequences, therefore, eradicating it from all dimensions of the economy is a constitutional requisite and for that purpose it is imperative that people of all professions and walks of life, particularly the constitutional and legal fraternity, play an active role. He remarked that the speech of the Quaid-e-Azam in 1948 immediately after independence, the Objectives Resolution of 1949, followed by the Islamic articles in the 1973 constitution, including articles 31, 38(f), 203, and 227 through 230, all bestow on us the right to live our lives according to the Qur'an and Sunnah in the God-given State of Pakistan and demand for the abolition of every such article of the constitution and law that is repugnant to the Qur'an and Sunnah. He asserted that whatever is Halal (permitted) and whatever is Haram (prohibited) has been made abundantly clear by the Messenger *(SAAW)* of Allah *(SWT)*. The Holy Prophet *(SAAW)* proclaimed the total abolition of Riba in his *(SAAW)* sermon delivered at the Farewell Pilgrimage, he added. He concluded by stating that the constitution of Pakistan guarantees the total eradication of Riba in no unclear terms, which is also a common thread clearly declared in the Objectives Resolution, while the Quaid-e-Azam, too, advocated the Islamic Economic System and branded the Western Economic System as a structure that inevitably leads to catastrophe in his speech made while inaugurating a branch of the State Bank of Pakistan in Peshawar.